# اعدادوشمار سے متعلق چندباتیں

مالی استحکام کا جائزہ 2021ء میں CY کو کیلنڈر سال اور FY کو مالی سال (جو کیلنڈر سال میں جولائی سے شروع ہوتا ہے اور اگلے کیلنڈر سال کے جون پر ختم ہوتا ہے)، جبکہ Q1 تا Q4 کیلنڈر سال یا مالی سال کی چار سہ ماہیوں اور H1 اور H2 کیلنڈر سال یا مالی سال کی دو ششماہیوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

یہ جائزہ مختلف اجزا کے مالی اداروں کے آڈٹ و غیر آڈٹ شدہ کھاتوں (جہاں دستیاب ہو) میں شامل اعدادوشمار پر مبنی ہے، جسے ذیل میں دیا گیا ہے:

- بینکوں (روایتی یا اسلامی)، ترقیاتی مالی اداروں، خرد مالکاری بینکوں اور ادائیگی کے نظاموں کے بارے میں اعدادوشمار کی بنیاد غیر آڈٹ شدہ مالی گوشوارے ہیں جو کھاتوں کے سہ ماہی رپورٹنگ چارٹ (Quarterly Reporting Chart of Accounts-RCOA) اور دیگر ریٹرنز کے ذریعے اسٹیٹ بینک کو پہنچائے جاتے ہیں۔
- غیر بینک مالی اداروں کے اعدادوشمار اسپیشلائزڈ کمپنیز ریٹرن سسٹم کے ذریعے ایس ای سی پی کو جمع کرائی گئی ماہانہ رپورٹس پر مبنی ہیں۔
- بیمہ کمپنیوں کے اعدادوشمار بیمہ کمپنیوں کی ویب سائٹس سے اخذ کردہ آڈٹ شدہ اور غیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور ایس ای سی پی کو جمع کرائے گئے ضوابطی گوشواروں پر مبنی ہوتے ہیں۔

کارپوریٹ شعبے سے متعلق ڈیٹا کمپنیوں کے مالی گوشواروں، سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور بلومبرگ سے لیا گیا ہے۔